ایچ بی ایل پی ایس ایل کا پلے آف مرحلہ بدھ سے شروع

- کوالیفائر میں دفاعی چیمپئن اسلام آباد یونائٹڈ اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز مد مقابل

لاہور، 20 مئی 2025ء:

ایچ بی ایل پی ایس ایل کی رونقیں بدھ سے قذافی سٹیڈیم لاہور میں نظر آئیں گی جو پلے آف مرحلے کی میزبانی کر رہا ہے۔

کوالیفائر میں پوائنٹس ٹیبل کی سرفہرست کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کا مقابلہ دوسرے نمبر پر آنے والی دفاعی چیمپئن اسلام آباد یونائیٹڈ سے ہو گا۔

یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہو گا۔

ایلیمینیٹر 1 لاہور قلندرز اور کراچی کنگز کے درمیان جمعرات 22 مئی کو کھیلا جائے گا یہ میچ بھی شام ساڑھے سات بجے شروع ہو گا۔

ایلیمینیٹر 2 کوالیفائر ہارنے والی ٹیم اور ایلیمینیٹر 1 جیتنے والی ٹیم کے درمیان جمعہ 23 مئی کو کھیلا جائے گا۔

فائنل اتوار 25 مئی کو کھیلا جائے گا۔

دفاعی چیمپیئن اسلام آباد یونائیٹڈ کے صاحبزادہ فرحان بیٹنگ میں سر فہرست ہیں اور اس وقت حنیف محمد کیپ ان کے پاس ہے انہوں نے 10 میچوں میں ایک سنچری اور دو نصف سنچریوں کی مدد سے 394 رنز بنائے ہیں۔

کراچی کنگز کے جیمز ونس دوسرے نمبر پر ہیں جنہوں نے 10 میچوں میں 374 رنز بنائے جس میں ایک سنچری اور تین نصف سنچریاں شامل ہیں۔لاہور قلندرز کے فخر زمان نے 369 رنز بنائے جس میں چار نصف سنچریاں شامل ہیں۔

بولنگ میں کراچی کنگز کے محمد عباس آفریدی نے 17 وکٹیں حاصل کی ہیں اور فضل محمود کیپ ان کے پاس ہے۔

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے ابرار احمد، اسلام آباد یونائیٹڈ کے جیسن ہولڈر اور کراچی کنگز کے حسن علی نے پندرہ پندرہ وکٹیں حاصل کی ہیں۔

ٹکٹوں کی اپ ڈیٹ۔
جن شائقین نے ایلیمینیٹر 1، 2 اور فائنل کے ٹکٹ خریدے ہیں وہ متعلقہ میچوں کی نئی اعلان کردہ تاریخوں کے مطابق انہیں استعمال کرسکتے ہیں جبکہ شائقین pcb.tcs.com.pk اور ٹی سی ایس ایکسپریس سینٹرز سے کوالیفائر کے ٹکٹ خرید سکتے ہیں۔

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk